© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

## مرکز احرار چیچہ وطنی میں بچیوں کا ترجمۂ قرآن کورس

چیچہ وطنی (۳۰؍ جولائی) فہم قرآن کورسز نیٹ ورک اسلام آباد اور احرار گرلز سوسائٹی چیچہ وطنی کے زیر اہتمام ترجمۂ قرآن پاک سیکھنے کے حوالے سے طالبات کے لیے ایک دس روزہ کورس جناب عبداللطیف خالد چیمہ کی سرپرستی میں مرکزی مسجد عثمانیہ ہاؤسنگ سکیم چیچہ وطنی میں 21 تا 30 جولائی منعقد ہوا جس میں مدرس کے فرائض جناب مولانا محمد وقاص سعید (انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد) نے انجام دیے یہ کورس اپنی افادیت کے اعتبار سے اِنتہائی کامیاب رہا۔ طالبات کو تحریری مواد بھی مہیا کیا گیا، مرکزی مسجد عثمانیہ کے سٹاف نے کورس کے آغاز تا اختتام بھرپور تعاون وانتظام کیا۔ ۳۰؍ جولائی جمعرات کو صبح کے وقت کورس کے اختتام پر طالبات کی ضیافت کی گئی اور مجلس احرار اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل جناب عبداللطیف خالد چیمہ نے طالبات سے فہم دین اور فہم قرآن کریم کے حوالے سے مختصر گفتگو کی اور دعا کے ساتھ کورس اختتام پذیر ہوا۔

## برما روہنگیا مسلمانوں پر مظالم انسانیت دشمنی کے مترادف ہیں
## اسلام، پاکستان اور دینی مدارس کے دشمن بالآخر ناکام ہوں گے (امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری)

چیچہ وطنی (۸؍ جون ۲۰۱۵ء) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزی سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ روہنگیا کے مظلوم مسلمانوں کی مظلومیت بارے انسانی حقوق کے دعویدار عالمی اداروں کی خاموشی بے حسی کی انتہا ہے بلکہ اس ظلم کی مجرمانہ حمایت انسانیت دشمنی کے مترادف ہے، وہ گزشتہ روز لاہور سے ملتان جاتے ہوئے دفتر احرار جامع مسجد چیچہ وطنی میں احرار کارکنوں سے بات چیت کر رہے تھے، انہوں نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت کے قانون کے خلاف عالمی سطح پر جو سازشیں ہو رہی ہیں، اُن کا سدباب اور منہ توڑ جواب دینا حکمرانوں اور قانون کے محافظوں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ پاکستانی پارلیمنٹ میں توہین رسالت کے قانون کے خلاف کوئی بل کبھی کامیاب نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت اور تحفظ عقیدۂ ختم نبوت پوری اُمتِ مسلمہ کے ایمان کی اساس ہیں آئین پاکستان ہمیں یہ حق دیتا ہے کہ ہم اسلامائزیشن کی جدوجہد کو آئینی دائرے میں آگے بڑھائیں، انہوں نے کہا کہ موجودہ دورِ حکومت میں دین دشمن اور قادیانی لابیاں بے حد متحرک ہیں، تحفظ ختم نبوت کے کام اور لٹریچر کے راستے میں پابندیاں کسی طور قبول نہیں کی جاسکتیں، انہوں نے کہا کہ متحدہ علماء بورڈ تحفظ ختم نبوت اور ردّ قادیانیت پر مبنی لٹریچر پر پابندی کو غلط قرار دے چکا ہے، انہوں نے کہا کہ 1974ء کی پارلیمنٹ کی قرار دادِ اقلیت، 1984ء کا امتناع قادیانیت ایکٹ اور ملکی و عالمی عدالتوں کے فیصلے ہی ہماری آئینی جدوجہد کی اساس ہیں۔ انہوں نے کہا ہمارا یقین ہے کہ اسلام، پاکستان اور دینی مدارس کے دشمن بالآخر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ناکام ونامراد ہوں گے۔

چیچہ وطنی (۲۴؍جولائی ۲۰۱۵ء) خطیب پاکستان حضرت مولانا محمد ضیاء القاسمی مرحوم کے بڑے فرزند حاجی طاہر محمود قاسمی کے انتقال پر مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، نائب امیر سید محمد کفیل بخاری ،سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ اور مولانا محمد مغیرہ نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے، علاوہ ازیں ساہیوال ڈویژن کے ممتاز علماء کرام کے ایک وفد نے متحدہ علماء کونسل پاکستان کے چیئرمین قاری منظور احمد طاہر کی سربراہی میں حاجی طاہر محمود قاسمی کی نماز جنازہ میں شرکت کی اِس وفد میں انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے رہنما قاری بشیر احمد رحیمی، قاری عتیق الرحمٰن رحیمی اور مولانا عبدالباسط موجود تھے۔ساہیوال ڈویژن کے تمام دینی حلقوں اور مذہبی رہنماؤں نے حاجی طاہر محمود قاسمی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور مغفرت کی دعا کی ہے۔

## مسافرانِ آخرت

● ہمارے قدیم مہربان محترم قاری ظہور الرحیم عثمانی (لیاقت پور) کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۱۲؍شعبان ۱۴۳۶ھ مطابق ۳۱؍مئی ۲۰۱۵ء ملتان، نمازِ جنازہ مولوی سید عطاء المنان بخاری نے پڑھائی۔

● ہمارے معاون ومہربان جناب عامر سعید؍آصف سعید (اچھرہ، لاہور) کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۲۱؍رمضان ۱۴۳۶ھ

● مجلس احرار اسلام ملتان کے ناظم نشر واشاعت شیخ حسین اختر لدھیانوی کے چچازاد بھائی ماسٹر محمد شریف لدھیانوی مرحوم، انتقال: ۲؍جون ۲۰۱۵ء بروز منگل اوکاڑہ۔

● مدرسہ معمورہ ملتان کے درجہ کتب کے جواں سال طالب علم محمد شعبان ۲۹؍رمضان المبارک کو موٹر سائیکل پر جاتے ہوئے ایک حادثے میں شدید زخمی ہو گئے اور یکم شوال ۱۴۳۶ھ، ۱۸؍جولائی ۲۰۱۵ء کو انتقال کر گئے۔مرحوم کی نماز جنازہ جلہ جیم تحصیل میلسی میں سید محمد کفیل بخاری نے پڑھائی۔

● ہمارے قدیم کرم فرما جناب ربنواز گل (جھنگ) کی والدہ مرحومہ، انتقال: ۸؍شوال ۱۴۳۶ھ؍۲۵؍جولائی ۲۰۱۵ء

● حافظ محمد اعظم (کشمور سندھ) نقیب ختم نبوت کے قاری اور مجلس احرار اسلام کے کارکن حافظ محمد ابراہیم کے دادا، انتقال: ۲۰؍جولائی ۲۰۱۵ء

● مولانا ضیاء القاسمی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے فرزند حاجی طاہر محمود قاسمی مرحوم، انتقال: ۲۳؍جولائی ۲۰۱۵ء فیصل آباد

● **والدہ ماجدہ حکیم حافظ محمد طارق صاحب:** حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے معالج حضرت حکیم حافظ محمد حنیف اللہ رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ اور حکیم حافظ محمد طارق، حکیم خلیل اللہ صاحب کی والدہ ماجدہ طویل علالت کے بعد ۹؍شوال ۱۴۳۶ھ،



© rasailojaraid.com